130021 - طہر کے بعد خون کے قطرے آنا حیض شمار نہیں ہوگا

سوال

میں نے رمضان المبارك کے چار روزے رکھے تو مجھے حیض آگیا، اور ماہواری ختم ہونے کے بعد میں نے دوبارہ روزے رکھنا شروع کیے، لیکن خون کے کچھ قطرے آئے اور پھر رك گئے جب میں غسل كر كے روزے ركھتی تو دوبارہ قطرے آنے لگتے اور سارا رمضان ہی ایسے ہوتا رہا، برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اس کے متعلق کیا جواب ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" اگر ایسا ہی ہے جیسا آپ بیان کر رہی ہیں، تو طہر کے بعد آنے والے خون کے قطرات حیض شمار نہیں ہونگے؛ کیونکہ یہ خون جاری نہیں رہتا، اس لیے یہ حیض کے حکم میں نہیں ہو گا.

آپ کے لیے روزہ رکھنا اور نماز کی پابندی کرنا ضروری ہے ہر نماز کے لیے آپ وضوء کریں، جس طرح ساری استحاضہ والی عورتیں کرتی ہیں، اور سلسل البول یعنی پیشاب نہ رکنے والے مریض کرتے ہیں، آپ نے جو ان ایام میں روزے رکھیں ہیں وہ روزے صحیح ہیں

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی سعودی عرب.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد العزیز آل شیخ.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ بکر ابو زید.